الحصة الأولى

الأسئلة المعروضية (20)

(ا) اختر الجواب الصحيح:

1. نیت کرنا تیمم میں۔۔۔۔۔ہے۔

1. سنت 2. واجب 3. فرض

2. حج یا عمرہ میں جو لوگ مواقیت سے آگے رہتے ہیں، ان کی میقات۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1. حل 2. حرم 3. حج میں حل اور عمرہ میں حرم

3. وہ عقود جنہیں وکیل اپنی طرف نسبت کرتا ہے، تو ان کے حقوق۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سے متعلق ہوتے ہیں۔

1. صرف وکیل 2. صرف موکل 3. وکیل اور موکل دونوں

4. تملیک المنافع بغیر عوض۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

1. اجارہ 2. عاریت 3. ہبہ

5. اگر کسی نے مہر کے دس دراہم متعین کیے تو ہمبستری سے پہلے طلاق کی صورت میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔واجب ہو گا۔

1. مہر مسمی 2. مہر مثل 3. نصف المسمی

6. مستقبل کے کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم کھانا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہلاتا ہے۔

1. یمین غموس 2. یمین منعقدہ 3. یمین لغو

7. الإجارة عقد بعوض.....

1. العين 2. المنافع 3. الأجرة

8. جمعہ کی اذان اول کے بعد بیع.....ہے.

1. جائز 2. مکرہ تحریمی 3. مکروہ تنزیہی

9. .....پر قبضہ مجلس میں لازمی ہے.

1. سلم میں رأس المال 2. مسلم فیہ 3. ثمن

10. امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ مزارعۃ کو..... سمجھتے ہیں.

1. جائز مع الکراھۃ 2. باطل 3. فاسد

11. راہن اگر مرتہن کو رہن بیچنے کا وکیل بنادے تو یہ وکالت.....ہے.

1. جائز 2. ناجائز 3. فاسد

12 عند الاحناف ربا کی علت ..... ہے.

1. طعم مع الثمنیہ 2. قدر مع الجنس 3. قوت وادخار

13. امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مدت رضاعت ..... ہے.

1. دوسال 2. ڈھائی سال 3. تین سال

14. مسافر کے لئے مسح کی مدت ..... ہے.

1. دودن دوراتیں 2. تین دن تین راتیں 3. ایک دن ایک رات

15. حد قذف میں کوڑوں کی تعداد ..... ہیں.

1. 90 2. 80 3. 100

16. اگر چوہا کنویں میں گر کر مر جائے پھول جائے یا پھٹ جائے تو ..... کی نمازیں لوٹائیں گے.

1. تین دن تین راتوں 2. ایک دن ایک رات 3. دودن دوراتوں

17. کسی نے اعتکاف کی نذر مانی تو اعتکاف کے لئے روزہ رکھنا ..... ہے.

1. واجب 2. مسنون 3. مستحب

18. مرغی کا جھوٹا ..... ہے.

1. پاک 2. ناپاک 3. مکروہ

19. صاحبین رحمہما اللہ کے ہاں وقف کا مالک _____ ہوتا ہے۔

1. اللہ تعالیٰ 2. واقف 3. کوئی نہیں

20. جس عقد میں ایک فریق کی طرف سے مال اور دوسرے فریق کی طرف سے عمل ہوتا ہے اسے _____ کہتے ہیں۔

1. مزارعت 2. مضاربت 3. شرکت

Majma-Ul Uloom Al-Islamia

الحصة الثانية

الأسئلة المختصرة (30)

(مختصر جوابات تحریر کریں، صرف 6 سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں۔)

1. صوم کی تعریف کریں، نیز کفارہ صوم بھی تحریر کریں۔
2. قسم کی اقسام تحریر کریں۔
3. حج کی اقسام لکھیں، نیز ہر ایک کی تعریف بھی کریں۔
4. حج کے دوران طواف کی کتنی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کا نام لکھیں۔
5. طلاق احسن، طلاق سنت اور طلاق بدعت سے کیا مراد ہے؟
6. طلاق بدعت کے احکام ذکر کریں۔
7. مطلقہ آئسہ من الحیض (وہ عورت جس کو حیض آنا بند ہو گیا ہو) عدت کس اعتبار سے گزارے گی؟
8. قتل کی پانچ اقسام کے نام اور تعریفات لکھیں۔
9. کفاءت کتنی چیزوں میں معتبر ہوتی ہے؟
10. مزارعت کی تعریف کریں، نیز شرائط مزارعت لکھیں۔

الحصة الثالثة: الأسئلة التفصيلية (50)

ہر سوال میں سے کوئی ایک حصہ حل کریں.

السؤال الثانی: (25)

الحصة الأولى:

ويجوز التيمم عند أبي حنيفة ومحمد بكل ما كان من جنس الأرض، كالتراب والرمل والحجر والجص والنورة والكحل والزرنيخ. وقال أبو يوسف رحمه الله: لا يجوز إلا بالتراب والرمل خاصة.

1. کسی چیز کے "جنس ارض" میں سے ہونے اور نہ ہونے کی کیا پہچان ہے؟ (10)
2. اگر وضوء میں مشغول ہونے کی وجہ سے نماز کا وقت نکل جانے کا خدشہ ہو تو کیا ایسی صورت میں تیمم کرنا جائز ہے؟ (8)
3. کیا ماربل اور ٹائل پر تیمم کرنا جائز ہے؟ (7)

==========أو==========

الحصة الثانية:

ومن كان عليه دين محيط بماله: فلا زكاة عليه۔ وإن كان ماله أكثر من الدين: زكى الفاضل إذا بلغ نصابا.

1. عبارت کی تشریح کریں۔ (12)
2. تجارتی غرض سے خریدے گئے پلاٹ یا مکان پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟ (7)
3. کیا زکوٰۃ کی رقم کسی غیر مسلم کو دی جاسکتی ہے؟ (6)

السؤال الثالث : (25)

الحصة الأولى:

ومن ابتاع صبرة طعام على أنها مائة قفيز بمائة درهم، فوجدها أقل من ذلك: كان المشتري بالخيار: إن شاء أخذ الموجود بحصته من الثمن، وإن شاء فسخ البيع. وإن وجدها أكثر من ذلك فالزيادة للبائع.

1. عبارت کی تشریح کریں۔ (15)
2. زید نے ایک شوز کمپنی کو چھ ہزار جوڑوں کا آرڈر دیا۔ کمپنی نے آرڈر کے مطابق جوتوں کے کاٹن زید تک پہنچا دیئے۔ زید نے جب کاٹن کھولے تو کل سات ہزار جوڑے نکلے۔ کمپنی کو جب اپنی غلطی کا علم ہوا تو انہوں نے زائد مال کی واپسی کا مطالبہ کیا، زید نے واپس کرنے سے انکار کیا اور کہا کہ زائد مال میرا ہے، آپ کا نہیں ہے۔ عبارت بالا کی روشنی میں مسئلہ حل فرمائیں۔ (10)

==========أو==========

الحصة الثانية:

والقاصد في اليمين والمكره والناسي سواء. ومن فعل المحلوف عليه مكرها أو ناسيا فهو سواء.

1. عبارت کا ترجمہ کریں۔ (5)
2. عبارت کی تشریح کریں۔ (10)
3. اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اللہ کی قسم میں اپنے بھائی سے بات نہیں کروں گا۔ تو اس شخص کے لیے شرعی کیا حکم ہے؟ (10)

========== وفقكم الله لما يحب ويرضى ==========

Majma Ul Uloom Al Islamia